**BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN**

**OBJECTIVE KEY FOR SSC ANNUAL/SUPPLY EXAMINATION, 2019.**

Name of Subject: اردو لازمی    Session: 2019 سالانہ

Group: 1st    Group: 2nd

| Q. Nos | Paper Code 1021 | Paper Code 1023 | Paper Code 1025 | Paper Code 1027 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | A | D | D | C |
| 2 | C | C | C | C |
| 3 | B | B | C | D |
| 4 | B | A | D | C |
| 5 | C | C | D | C |
| 6 | C | B | B | D |
| 7 | D | B | D | D |
| 8 | C | C | C | B |
| 9 | C | C | B | D |
| 10 | D | D | A | C |
| 11 | D | C | C | B |
| 12 | B | C | B | A |
| 13 | D | D | B | C |
| 14 | C | D | C | B |
| 15 | B | B | C | B |
| 16 | | | | |
| 17 | | | | |
| 18 | | | | |
| 19 | | | | |
| 20 | | | | |

| Q. Nos | Paper Code 1022 | Paper Code 1024 | Paper Code 1026 | Paper Code 1028 |
|---|---|---|---|---|
| 1 | B | B | B | B |
| 2 | A | A | D | B |
| 3 | B | B | B | C |
| 4 | D | C | B | C |
| 5 | B | A | A | B |
| 6 | B | C | B | A |
| 7 | A | B | C | B |
| 8 | B | B | A | D |
| 9 | C | C | C | B |
| 10 | A | C | B | B |
| 11 | C | B | B | A |
| 12 | B | A | C | B |
| 13 | B | B | C | C |
| 14 | C | D | B | A |
| 15 | C | B | A | C |
| 16 | | | | |
| 17 | | | | |
| 18 | | | | |
| 19 | | | | |
| 20 | | | | |

eduvision.edu.pk

**سرٹیفکیٹ بابت صحیح سوالیہ پرچہ/مارکنگ Key**

ہم نے مضمون اردو لازمی پرچہ I گروپ I, II سکیم نیو کورس میٹرک سالانہ امتحان 2019 کا سوالیہ پرچہ انشائیہ ومعروضی (Subjective & Objective) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ Syllabus کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے۔ یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں۔ نیز اس پرچہ کی معروضی (MCQs) Key کی بابت تصدیق کی جاتی ہے کہ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیار کردہ ہدایات وصول کرکے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔ نیز سب ایگزامینرز کیلئے تفصیلی مارکنگ ہدایات / مارکنگ سکیم/Rubrics بھی تیار کر دی گئی ہیں۔

**Prepared & Checked By:**    Dated: 28-03-2019

| S.# | Name | Designation | Institution | Mobile No | Signature |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Ghulam Shabbir | H/M | G H/s Obrah Shumali Multan | | |
| 2 | Khurshid Ahmad | S.S.S. | G. H/S/S Ailanpur, Multan | | |
| 3 | Bashir Ahmad Sial | S.S.S. | G H/S/S Nusrat-ul-Islam Multan | | |
| 4 | Safder Bashir | S.S.T | G. Islamia H/S Daulat Gate, Multan. | | |
| 5 | Syed Masood Nabi | S.S.T | G. New Miflat H/S Mumtazabad, Multan | | |

**Re-Checked By** ہم نے درج بالا سوالیہ (معروضی) معروضی "Key" اور ہدایات کے حوالے سے مکمل طور پر تسلی کرلی ہے۔ کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Nadeem Abbas | SS | G H/S/S مخدوم رشید | | |
| 2 | Mujeeb ur-Reh[man] | SS | " " " | | |

تاریخ 29/3/19

2019 (A)

رول نمبر ______

**سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )**

**اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )**

وقت = 2.10 گھنٹے

**گروپ - پہلا**

کل نمبر = 60

## حصہ اِنشائیہ

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم / کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

(ii) جو بے داغ لالہ، جو بے خار گل ہے / وہ تو ہے، وہ تو ہے، وہ تو ہے

(iii) پڑتے ہیں پانی ہرجا جل تھل بنا رہے ہیں / گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

(iv) شاخ بریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو / ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

( حصہ غزل )

(i) بار بار اس کے در پہ جاتا ہوں / حالت اب اضطراب کی سی ہے

(ii) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی / خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(iii) میں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں / کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

### حصہ دوم

**3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔** 10

(الف) مرزا غالب کے اخلاق نہایت وسیع تھے وہ ہر شخص سے جو ان سے ملنے جاتا تھا، بہت کشادہ پیشانی سے ملتے تھے۔ جو شخص ایک دفعہ ان سے ملتا اسے ہمیشہ ملنے کا اشتیاق رہتا تھا۔ دوستوں کو دیکھ کر باغ باغ ہو جاتے تھے اور ان کی خوشی سے خوش اور غم سے غمگین ہوتے تھے۔

(ب) عام طور پر بُلبُل کو آہ وزاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اکسایا جاتا ہے۔ بُلبُل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبُل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبُل اور گلاب کے پھولوں کی افواہ کسی شاعر نے اڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبُل کو نالہ وشیون کرتے دیکھا تھا۔

**4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** 2 x 5 = 10

(i) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟

(ii) سلیم اپنے بھائی کے ساتھ مدرسے کیوں نہیں جاتا تھا؟

(iii) الگو چودھری نے کیا فیصلہ سنایا؟

(iv) نیازی نے اپنی تصویریں اختر کے حوالے کیوں کیں؟

(v) مضمون نگار کو امتحان سے گھبرانے والوں پر ہنسی کیوں آتی ہے؟

(vi) طوطی و بُلبُل کس کا ذکر کرتے ہیں؟

(vii) علامہ محمد اقبالؒ کی کوئی سی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

(viii) برہمن کو کس بات کی حسرت رہی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) پنچایت (ii) امتحان 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم '' برسات کی بہاریں '' کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ پوسٹ ماسٹر کے نام ڈاکیے کی شکایت کرنے کے لیے درخواست لکھیے۔ یا

اپنے بڑے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں ان کی خیریت معلوم کرنے کا ذکر ہو۔ 10

8۔ '' نا اتفاقی کا انجام '' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) میں ہر دن مدرسے جاتا ہوں۔

(ii) لڑکیوں نے کہا ہم آتی ہیں۔

(iii) ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔

(iv) وارے پیارے ہونا۔

(v) پاک رہو صاف رہو۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

(i) صورت نہ شکل ______

(ii) باسی کڑھی میں ______

(iii) بوڑھی گھوڑی ______

(iv) رات گئی ______

(v) فقیر کی صورت ______

eduvision.edu.pk

رول نمبر __________

2019 (A)

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 2.10 گھنٹے

## گروپ ۔ دوسرا

## حصہ اِنشائیہ

کل نمبر = 60

### حصہ اول

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

2۔ مندرجہ ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ ( تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے ) 10

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) تری راہ میں خاک ہو جاؤں مر کر — یہی میری حُرمت، یہی آبرو ہے

(iii) سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی — اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کا ہی

(iv) ملت کے ساتھ رابطۂ استوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے، امید بہار رکھ

( حصہ غزل )

(i) آتشِ غم میں دل بُھنا شاید — دیر سے بُو کباب کی سی ہے

(ii) زنخداں سے آتش محبت رہی — کنویں میں مجھے دل ڈبویا کیا

(iii) ہاں بھلا کر ترا بھلا ہوگا — اور درویش کی صدا کیا ہے

### حصہ دوم

eduvision.edu.pk

**3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کیجیے۔** 10

(الف) کفار نے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے گھر کا محاصرہ کیا۔ اور رات زیادہ گزر گئی تو قدرت نے ان کو بے خبر کردیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان کو سوتا چھوڑ کر باہر آئے۔ کعبے کو دیکھا اور فرمایا، "مکہ! تو مجھ کو تمام دنیا سے زیادہ عزیز ہے۔ لیکن تیرے فرزند مجھ کو رہنے نہیں دیتے۔"

(ب) کوّا باورچی خانے کے پاس مسرور رہتا ہے۔ ہر نوالے کے بعد کچھ اٹھا کر کسی اور کے لیے کہیں پھینک آتا ہے۔ اور درخت پر بیٹھ کر سوچتا ہے کہ زندگی کتنی حسین ہے۔ کہیں بندوق چلے تو کوّے اسے ذاتی توہین سمجھتے ہیں۔ اور دفعتاً لاکھوں کی تعداد میں کہیں سے آجاتے ہیں۔

**4۔ کوئی سے پانچ سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔** 2 x 5 = 10

(i) حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کون تھیں؟

(ii) دوستوں کو دیکھ کر غالبؔ کی کیا حالت ہوتی تھی؟

(iii) سرسید کے مطابق قوم کی بہتری کیسے ممکن ہے؟

(iv) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(v) الگو چودھری اور جمن شیخ میں دوستی کا آغاز کب ہوا؟

(vi) بادِ صبا گھر گھر کیا لیے پھرتی ہے؟

(vii) تیرؔ اللہ تعالیٰ کی عظمت کیسے بیان کرتے ہیں؟

(viii) میرؔ نے " نیم باز آنکھوں کی مستی " کو کیا قرار دیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (i) کاہلی (ii) قدر ایاز 5

6۔ کتاب میں دی گئی نظم " حمد " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیں اور شاعر کا نام بھی لکھیں۔ 5

7۔ اپنے رابچی/دوست سہیلی کو خط لکھیے۔ اُسے اپنی بہن کی شادی سادگی سے کرنے اور فضول رسم و رواج سے بچنے کی تلقین کیجیے۔ یا

آپ کے مالی حالات اچھے نہیں ہیں اپنے ہیڈ ماسٹر/پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست لکھیے۔ 10

8۔ " جھوٹ کی سزا " کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔ یا دو ہم جماعت طلبا/طالبات کے درمیان مکالمہ لکھیے۔ 5

**9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔** 5

(i) جی نے چاہا تو آؤں گا۔

(ii) میں نے فرحان دیکھا۔

(iii) سائرہ نے عُمر کے مارا۔

(iv) عورتوں نے کہا ہم آ گئی ہیں۔

(v) سیدھے بانس بریلی کو

یا

**درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔**

(i) بلی کے بھاگوں __________

(ii) آدمی کا شیطان __________

(iii) شیخی اور __________

(iv) رات گئی __________

(v) غریب کی جورو __________

| | |
|---|---|
| PAPER CODE NUMBER:1021 | 2019 (A) |

رول نمبر ________

سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 20 منٹ

### گروپ - پہلا

### حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) " میاں لڑکے جوان ہوتے نظر نہیں آتے " یہ کہا تھا۔
(A) سودا نے (B) جرأت نے (C) غالب نے (D) مومن نے

(2) مرزا غالب دوستوں کی ______ کبھی تنگ دل نہ ہوتے تھے۔
(A) بری باتوں سے (B) زیادتیوں سے (C) فرمائشوں سے (D) حرکتوں سے

(3) " آثارالصنادید " کی تحریر ہے۔
(A) مولانا شبلی نعمانیؒ (B) سرسید احمد خان (C) منشی پریم چند (D) مرزا ادیب

(4) یہ مصرع " اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی " شاعر ______ کا ہے۔
(A) انشاء (B) جرأت (C) درد (D) میر

(5) ڈپٹی نذیر احمد کی وجہ شہرت ہے۔
(A) افسانہ نگاری (B) مرثیہ نگاری (C) ناول نگاری (D) مضمون نگاری

(6) ڈرامہ " آرام وسکون " میں میاں صاحب کا نام تھا۔
(A) اشتیاق (B) مشتاق (C) اشفاق (D) اسحاق

(7) علامہ محمد اقبالؒ کی تصنیف " اسرارخودی " ______ مجموعہ ہے۔
(A) عربی زبان کا (B) اردو زبان کا (C) انگریزی زبان کا (D) فارسی زبان کا

(8) تیتر پکارتے ہیں۔
(A) اللہ ہو (B) سبحان اللہ (C) سبحان تیری قدرت (D) یا اللہ

(9) بہادر شاہ ظفر کے کلیات میں ______ سے زیادہ شعر ہیں۔
(A) دس ہزار (B) بیس ہزار (C) تیس ہزار (D) چالیس ہزار

(10) سانحہ پشاور ______ کو پیش آیا۔
(A) 13 دسمبر 2014 (B) 14 دسمبر 2014 (C) 15دسمبر 2014 (D) 16دسمبر 2014

(11) " شکایت " کی جمع ہے۔
(A) شکایتیں (B) شکائتوں (C) شکوہ (D) شکایات

(12) " محبت " کا متضاد ہے۔
(A) الفت (B) نفرت (C) پیار (D) دشمنی

(13) " ہدایات " کی واحد ہے۔
(A) ہدایتیں (B) ہدیہ (C) حدیں (D) ہدایت

(14) " بیل " کی مونث ہے۔
(A) بیلی (B) بلی (C) گائے (D) بھینس

(15) " بیوی " کا مذکر ہے۔
(A) بیوہ (B) میاں (C) مرد (D) مالک

eduvision.edu.pk

| | |
|---|---|
| **PAPER CODE NUMBER: 1022** | 2019 (A) |

رول نمبر ____________

## سیکنڈری سکول امتحان پارٹ - I ( جماعت نہم )

## اردو ( لازمی ) ( نیو کورس )

وقت = 20 منٹ

## گروپ ۔ دوسرا

### حصہ معروضی

کل نمبر = 15

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

(1) ہجرت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس بہت سے ____ جمع تھیں۔
(A) تلواریں (B) امانتیں (C) کھجوریں (D) نعمتیں

(2) مرزا غالبؔ کے ____ نہایت وسیع تھے۔
(A) اخلاق (B) افکار (C) خصائل (D) کردار

(3) روٹی پیدا کرنے کے لیے ____ نہایت ضروری ہے۔
(A) آرام (B) محنت (C) سفارش (D) خوشامد

(4) میر اور مرزا کے کلام پر تکرار کرنے والے ____ کے مرید تھے۔
(A) خواجہ میر درد (B) مرزا غالب (C) ابراہیم ذوق (D) خواجہ باسط

(5) سلیم کو ____ نے آ کر جگایا۔
(A) نصوح (B) بیدارا (C) ماں (D) حضرت بی

(6) آرام و سکون کے مصنف ____ ہیں۔
(A) پریم چند (B) سید امتیاز علی تاج (C) مولوی نذیر احمد (D) میرزا ادیب

(7) کاکول اکیڈمی ____ میں واقع ہے۔
(A) ایبٹ آباد (B) مظفر آباد (C) نتھیا گلی (D) گھوڑا گلی

(8) سبق " آرام و سکون " میں گھریلو ملازم کا نام تھا۔
(A) کلّو (B) للّو (C) بلّو (D) ٹلّو

(9) " صباء " کا مطلب ہے۔
(A) شام (B) دوپہر (C) صبح کی ہوا (D) آدمی

(10) میر تقی میر ____ میں پیدا ہوئے۔
(A) آگرہ (B) دہلی (C) لکھنؤ (D) علی گڑھ

(11) " نواسا " کی مونث ہے۔
(A) نواسن (B) نواس (C) نواسی (D) نوسین

(12) " شیرنی " کا مذکر ہے۔
(A) شیرانی (B) شیر (C) شیرا (D) شیرون

(13) " فراخ " کا مترادف ہے۔
(A) لمبا (B) کشادہ (C) چوڑا (D) اونچا

(14) " بدن " کی جمع ہے۔
(A) بدنوں (B) بدان (C) ابدان (D) بدین

(15) " احکام " کا واحد ہے۔
(A) حکموں (B) حکام (C) حکم (D) حکیم

eduvision.edu.pk